# دفتر برائے تعلقات عامہ ومیڈیا کوآرڈی نیشن

# جامعہ ملیہ اسلامیہ

# نئی دہلی

# پریس ریلیز

# 1 مئی/ 2019

## وائس چانسلر نے جامعہ کے سیکڑوں اساتذہ سے کی بات چیت

جامعہ ملیہ اسلامیہ کی نئی وائس چانسلر پروفیسر نجمہ اختر نے آج یہاں سیکڑوں اساتذہ سے ایک غیر رسمی پروگرام میں ملاقات کی، اس پروگرام کا انعقاد جامعہ ملیہ اسلامیہ کے ٹیچرس ایسوسی ایشن (جے ٹی اے) نے کیا تھا۔

اپنے خطاب میں انھوں نے کہا کہ برسوں سے جامعہ نے تعلیم وتعلم کے میدان میں ملک بھر کی یونیورسٹیوں اور اداروں میں جو ممتاز مقام بنایا ہے وہ قابل تحسین ہے اوراس کا سہرا محض یہاں کے ذمہ داران کو نہیں بلکہ اساتذہ اور طلباء کو بھی جاتا ہے جنھوں نے جامعہ کے ذریعے تعلیم کو ایک نئی جہت دینے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

انھوں نے یہاں کے اساتذہ کی صلاحیتوں کا اعتراف کرتے ہوئے کہا کہ انھوں نے تعلیم اور تحقیق کے میدان میں جو خدمات انجام دی ہیں ملک کی دیگر یونیورسٹیوں کے اساتذہ میں یہ صفات خال ہی دکھائی دیتی ہیں۔

پروفیسر اختر جنھوں نے اسی ماہ وائس چانسلر کا عہدہ سنبھالا ہے اپنی تقریر میں جنس کے نام پر ہونے والے کسی بھی قسم کے بھید بھاو کی حوصلہ شکنی کا عندیہ دیتے ہوئے کہا کہ خواتین کو تعلیم کے میدان میں زیادہ سے زیادہ آگے بڑھانے کی ضرورت ہے تاکہ ایک سماج اور معاشرہ کی ترقی ممکن ہو، انھوں نے کہا کہ یونیورسٹی میں لڑکیوں کے مزید داخلوں کو یقینی بنانے کی ضرورت ہے۔

وائس چانسلر نے یہ بھی کہا کہ وہ اسکل ڈیولپمنٹ پروگرام پر مبنی نئے کورس متعارف کرانے پر غوروخوض کر رہی ہیں، تاہم انھوں نے یہ بھی کہا

کہ اس کے لئے پہلے سے چل رہے کسی کورس کو بند یا ختم نہیں کیا جائے گا، لیکن جدید تقاضوں کے مطابق نصاب میں تبدیلی کو بھی یقینی بنانے کی کوشش کی جائے گی۔

انھوں نے طلبا، کے مابین نظم ونسق کو بنائے رکھنے کی بھی اپیل کی اور کہا کہ انھیں کسی بھی قسم کی پریشانی ہوتو وہ براہ راست شکایت کریں ایک ماں کی طرح وہ ان کے مسائل کو حل کرنے کی کوشش کریں گی۔ انھوں نے اس بات کی بھی وضاحت کی کہ وہ کسی قسم کے ناجائز دباو یا پریشر کی ہمت افزائی نہیں کریں گی۔

یونیورسٹی کی دنوں دن ملکی و بین الاقوامی ترقی پر بھی انھوں نے خوشی کا اظہار کیا اور کہا کہ اس معاملہ میں مزید تحقیق وتدوین اور ایجاد واختراع کو لیکر محنت کرنے کی ضرورت ہے تا کہ جامعہ کا نام مزید روشن ہو۔

قبل اذیں جے ٹی اے نے وائس چانسلر کو پھولوں کا گلدستہ پیش کر کے خوش آمدید کہا، اس موقع پر صدر پروفیسر عامر اعظم، سکریٹری پروفیسر ماجد جمیل، جوائنٹ سکریٹری، ایم عرفان قریشی اور دیگر اساتذہ وکارکنان موجود تھے۔ یہ پروگرام انصاری آڈیٹوریم میں منعقد ہوا تھا۔

جے ٹی اے کے سکریٹری پروفیسر ماجد جمیل نے وی سی کو تعلیم و تعلم اور یونیورسٹی کی تعمیر وترقی کے لئے جامعہ اساتذہ کی جانب سے مکمل تعاون کی یقین دہانی بھی کرائی۔

احمد عظیم

عوامی تعلقات افسر اور میڈیا کوآرڈینیٹر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی